حج، عمرہ اور زیارتِ مزارِ نبویؐ

مؤلف: محمود الحسن خسرو

ناشر: مولف، ۳/۳۲، سومبراج ہچٹول روڈ گارڈن ویسٹ۔ کراچی

ضخامت: ۳۲۴ صفحات

قیمت: درج نہیں۔

حج و عمرہ کے موضوع پر راقم کی نظر سے بہت سی کتابیں گذری ہیں، ان میں سے بعض بہت اچھی اور جامع تھیں۔ یہ کتاب بھی بڑی اہم ہے اور مجھے پسند آئی۔ موضوع سے متعلق تمام مسائل کو کتاب و سنّت کے ماٰخذ کے ساتھ حسنِ ترتیب سے پیش کیا گیا ہے۔ مختلف فقہاء کا نقطۂ نظر سامنے آتا ہے۔ فقہ حنفی کے احکام کو بھی اجاگر کیا گیا ہے۔ بہت سے جزئی اور باریک مسائل بھی درج ہیں۔ بعض مقامات پر صرف ایک پہلو سے کھٹک ہوتی ہے۔ کہیں کہیں استنباطی اختلافات۔ کو بیان کر کے قاری کو کسی خاص نتیجے پر پہنچائے بغیر چھوڑ دیا گیا ہے۔ اس کے سامنے کم سے کم مسلکِ راجح تو واضح ہو جانا چاہیے تھا۔ بصورت موجودہ ایسے مقامات صرف اہلِ علم کی دلچسپی کا میدان بن سکتے ہیں جو تحقیقی کام کرتے ہوں۔ علماء کے ساتھ ساتھ عام قاری کی ضروریات کو بھی پوری اہمیت ملنی چاہیے تھی۔

کتاب: چراغ سنّت

مؤلف: مولانا سید فردوس شاہ صاحب

ناشر: مکتبہ نذیریہ۔ لاہور

ضخامت: ۳۲۷ صفحات

قیمت: ۳۰ روپے

مسلمان کے لیے قرآن کے بعد دوسرا ماخذِ ہدایت سنّتِ رسول ہے۔ اس کے بعد سوائے اس کے اور کچھ نہیں کہ کتاب و سنّت سے استنباط کردہ یا اجتہاداً اخذ کردہ احکام و اشارات ہوں پھر قیاس، استحسان اور اجماع کے مخصوص دوائر ہیں۔

سنّت کا احیا کرنا، مسلکِ پیروئ سنّت کی دعوت دینا۔ سنّت سے تجاوز کے رجحانات کے غبار کو صاف کرنا دین کی بڑی خدمت ہے۔

ہم حسنِ ظن رکھتے ہیں مولانا سید فردوس شاہ صاحب کی نیت مسلکِ پیروی سنّت پر زور دینا ہے۔ مگر ان کی اس کتاب پہ مناظرانہ رنگ غالب ہوگیا ہے۔

دوسری طرف کی مناظرانہ باتوں کو اگر سامنے رکھیں تو سید فردوس شاہ کو ایسے کو تیسا کے اصول پر جواب دینے سے روکا نہیں جا سکتا۔ مگر دعوتِ اسلامی کا مقصد مناظرانہ طریقوں سے حاصل نہیں ہو سکتا۔